# نوٹس نیلام

## چھوٹے اور بڑے مویشیوں کی نیلامی برائے چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز (CUVAS)، بہاولپور

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز(CUVAS)، بہاولپور جو ڈی ایچ اے بہاولپور کے قریب واقع ہے ،پنجاب پروکیورمنٹ رولز2014(تاحال نظرثانی شدہ) کے مطابق تمام انکم ٹیکس گوشوارہ اور شناختی کارڈ رکھنے والے افراد/فرمز/وینڈرز سے چھوٹے اور بڑے مویشیوں کی نیلامی کے لیے پاکستانی روپے میں بولیوں کی طلب کرتی ہے ۔خواہشمند حضرات سے گزارش ہے کہ مقررہ تاریخ اور وقت پر پہنچ کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔نیلامی نوٹس کی اشاعت کے فوراً بعد بولی کی دستاویزات یونیورسٹی کی ویب سائٹ لنک http://soft.cuvas.edu.pk/tender.asp اور دفتر خزانہ سے مفت حاصل کی جاسکتی ہیں۔بصورتِ ذیل ہر لحاظ سے مکمل بولیاں، مقررہ بولی ضمانت کے ہمراہ، **11-08-2026** بروز منگل بوقت 09:30 بجے صبح تک اس دفتر **Block-1, Director, Directorate of Animal Teaching and Research Centre (DAT&RC), CUVAS,** میں پہنچنی چاہئیں،

1۔ چھوٹے مویشیوں کی کیٹیگری (تخمینہ قیمت -/Rs.1340350 روپے) کے لیے **-/Rs.26,807** روپے بولی ضمانت (قابل واپسی)۔)، بنام **TREASURER, CUVAS, Bahawalpur**

2۔ بڑے مویشیوں کی کیٹیگری (تخمینہ قیمت -/Rs.3371390 روپے) کے لیے **-/Rs.67428** روپے بولی ضمانت (قابل واپسی)، بنام **TREASURER, CUVAS, Bahawalpur**۔

**نیلامی کے لیے جانوروں کی تفصیل:**

| نمبر شمار | کیٹیگری | تفصیل | تعداد جانور | تاریخ نیلامی |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بڑے مویشی | چولستانی بالغ گائے | 10 | 11-08-2026 بوقت 10:00 بجے صبح |
| 2 | بڑے مویشی | نیلی راوی حاملہ بھینس | 01 | ایضاً |
| 3 | بڑے مویشی | چولستانی فربہ نر بچھڑے | 17 | ایضاً |
| 4 | چھوٹے مویشی | مکھی چینی بکریاں | 11 | ایضاً |
| 5 | چھوٹے مویشی | چولستانی (کھڈالی) بھیڑیں | 16 | ایضاً |
| 6 | چھوٹے مویشی | چولستانی (کھڈالی) مینڈھے | 22 | ایضاً |
| | | **مجموعی تعداد** | **77** | |

بولیوں کا اجراء اسی روز یعنی **11-08-2026** بوقت 10:00 بجے صبح **مویشی فارم , ڈائریکٹوریٹ آف اینیمل ٹریننگ اینڈ ریسرچ سینٹر (ڈی اے ٹی اینڈ آر سی)**، ،بہاولپور میں کیاجائے گا۔ نیلامی کے قواعد بولی دہندگان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں سنائے جائیں گے۔**دلچسپی رکھنے والے اہل بولی دہندگان مزید معلومات دفتر فارم منیجر مویشی فارم. ڈائریکٹوریٹ آف اینیمل ٹریننگ اینڈ ریسرچ سینٹر (ڈی اے ٹی اینڈ آر سی) ,CUVAS بہاولپور سے،فون نمبر 03454763762** پر حاصل کر سکتے ہیں۔

نیلامی کے لیے پیش کیے جانے والے چھوٹے اور بڑے مویشی دفتری اوقاتِ کار میں **مویشی فارم, ڈائریکٹوریٹ آف اینیمل ٹریننگ اینڈ ریسرچ سینٹر (ڈی اے ٹی اینڈ آر سی)،CUVAS** ،بہاولپور میں دیکھے جاسکتے ہیں۔بولی کی تیاری یا ترسیل کے سلسلے میں بولی دہندگان کو ہونے والے کسی بھی خرچ کی ذمہ داری یونیورسٹی پر عائد نہ ہو گی۔تمام تفصیلات پر مشتمل بولی دستاویزات یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

***نیلامی کے لیے شرائط وضوابط:***

1۔ تمام بولی دہندگان اپنے اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ آئیں۔ خریدار کو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا ہو گی

2۔ حصہ لینے کے لیے، نیلامی سے ایک دن پہلے یا نیلامی سے پہلے بولی کی ضمانت دفتر میں جمع کرائی جائے جو خریداری نہ کرنے کی صورت میں قابل واپسی ہو گی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کا رجسٹرڈ ٹیکس فائلر ہونا لازمی ہے اور وہ قواعد کے مطابق بولی کی رقم اور With Holding ٹیکس 10% (فائلر کے حساب سے) جمع کروائے گا۔ قواعد کے مطابق غیر فائلر پر 20 % کی شرح لاگو ہو گی۔

4۔ تمام ٹیکس حکومتی قواعد کے مطابق ادا کیے جائیں گے۔کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی کارروائی کے دوران حکومت کی جانب سے نافذ کردہ کسی بھی نظرثانی، ترمیم یا تبدیلیِ ٹیکس کی پابندی کرنے کا پابند ہو گا۔ایسی تبدیلیاں فوری طور پر لاگو ہوں گی اور بلااعتراض ان پر عمل کرنا ہو گا۔

5۔ یونیورسٹی کے ملازمین یا ان کے اہلِ خانہ نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

6۔ نیلامی کے وقت جانوروں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

7۔ جانور ''جیسے ہیں جہاں ہیں'' کی بنیاد پر فروخت کیے جائیں گے۔

8۔ پہلی نیلامی 11 اگست 2026 بوقت 10:00 بجے صبح شروع ہو گی۔بصورتِ ضرورت دوسری نیلامی 18 اگست 2026 کو اور، تیسری نیلامی 25 اگست 2026 کو منعقد ہو گی۔

9۔ بولی دہندگان اور فارم انتظامیہ کے مابین کسی بھی تنازع کی صورت میں معاملہ نیلامی کمیٹی اور ڈائریکٹر، ڈی اے ٹی اینڈ آر سی کو بھجوایا جائے گا۔ڈائریکٹر کا فیصلہ حتمی اور لازم الاتباع ہو گا اور کسی بھی عدالت میں قابل چیلنج نہیں ہو گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ اسی روز سامان اٹھانے کا پابند ہو گا۔نیلامی کے دن کے بعد کسی بھی نقصان کی صورت میں یونیورسٹی انتظامیہ /نیلامی کمیٹی ذمہ دار نہیں ہو گی۔

11۔ بولی فارم شرائط کے مطابق کامیاب بولی دہندہ کو کل قیمت کا 1/3 حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا۔باقی تمام رقم قبل از قبضہ جمع کروانا ہو گی۔بصورت دیگر کمیٹی کو بولی منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔

12۔ خریدے گئے جانوروں کو اسی روز لے جانا ہو گا۔بصورت دیگر جانوروں کے کسی نقصان یا نقصان کی ذمہ دار فارم انتظامیہ نہیں ہو گی۔

**ڈاکٹر افشاں شفیع**

کنوینر، نیلامی کمیٹی